URDU (MT)

Secondary School Exam 2026 Subject code: 103

COPYRIGHT RESERVED

20.26..........

**Candidates are required to give their answer in their own words as far as praticable**

परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें।

**Figures in the Margin indicate full marks**

दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं।

Time : 3 Hours 15 Minutes | Full Marks - 100

समय : 3 घंटा 15 मिनट | पूर्णांक 100

Total Questions : 100+4=104

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | Instructions for the candidates : | |
| | 1. Candidates must enter his/her Question Booklet | |
| | Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet. | |
| | 2. Candidates are required to give their answer in their | |
| | own words as far as practicable. | |
| | 3. Figures in the left hand margin indicate full marks. | |
| | 4. 15 minutes of extra time have been allotted for | |
| | the candidates to read the questions carefully. | |
| | 5. This question booklet is divided into two | |
| | sections. Section-A and Section-B. | |
| | 6. In Section-A, there are 100 objective type questions, | |
| | out of which any 50 questions are to be answered. | |
| | If more than 50 questions are answered, then | |
| | only first 50 will be evaluated. Each question carries | |
| | 1 mark. For answering these darken the circle with | |
| | blue/black ball pen against the correct option on | |
| | OMR sheet provided to you. Do not use whitener/ | |

Moderated 06/09/2025

Final

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | liquid/blade/nail etc. on OMR Answer sheet, Otherwise the result will be treated invalid. | |
| | 7. In section-B, there are 4 short answer and long answer type questions. Marks are indicated on left side against each question. | |
| | 8. Use of any electronic appliances is strictly prohibited. | |
| | ہدایات : | |
| | 1۔ امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (10 ہندسوں) میں لکھنا ہوگا۔ | |
| | 2. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔ | |
| | 3۔ بائیں طرف حاشیے میں درج کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔ | |
| | 4۔ سوالات پڑھنے کے لیے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔ | |
| | 5۔ یہ سوالیہ کتابچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن-A اور سیکشن-B | |
| | 6۔ سیکشن-A میں 100 معروضی سوالات ہیں۔ ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ اگر پچاس سے زائد سوالوں کے جواب دئے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب دینے کے لیے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرہ کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | ناقابل قبول ہوگا - | |
| | 7 - سیکشن B میں 4 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں ہر | |
| | ایک سوال کے بیچ بائیں جانب مارکس درج ہیں - | |
| | 8- کسی قسم کے الکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے - | |

StudyRaw.Com

Section-A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کیے جائیں گے۔

50×1 = 50

1۔ 'حمدِ خدائے عز و جل' کا پہلا مصرع کیا ہے؟

(A) خالق دو جہاں ہے تو ایزدِ ذوالجلال ہے

(B) یکتا ہے تیری ذات پاک عالی و بے مثال ہے

(C) تیرے ہی باب فیض سے ملتا ہے دو جہاں کو رزق

(D) سب کی حیات و موت کا مولا تجھے خیال ہے

2۔ 'انوار عقیدت' کیا ہے؟

(A) افسانوں کا مجموعہ (B) نعتیہ شاعری کا مجموعہ (C) خطوط کا مجموعہ (D) خطبات کا مجموعہ

3۔ 'بھابھی جان' کے افسانہ نگار کون ہیں؟

(A) قمر جہاں (B) سہیل عظیم آبادی (C) شکیلہ اختر (D) سید محسن

4۔ 'چار چہرے' کیا ہے؟

(A) شکیلہ اختر کے افسانوں کا مجموعہ (B) قمر جہاں کے افسانوں کا مجموعہ

(C) سید محسن کے افسانوں کا مجموعہ (D) سہیل عظیم آبادی کے افسانوں کا مجموعہ

5۔ 'رقیہ بھابھی' کے دیور کا کیا نام ہے؟

(A) اکرم (B) اختر (C) اجمل (D) اشرف

6۔ 'نفسیاتی زاویے' کیا ہے؟

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) ڈاکٹر محمد محسن کے مضامین کا مجموعہ (B) ڈاکٹر محمد محسن کے خطوط کا مجموعہ | |
| | (C) ڈاکٹر محمد محسن کے افسانوں کا مجموعہ (D) ڈاکٹر محمد محسن کے نظموں کا مجموعہ | |
| | 7۔ افسانہ 'فرار' کا مرکزی کردار کون ہے؟ | |
| | (A) محمود (B) حمید (C) حامد (D) تحمید | |
| | 8۔ قمر جہاں ~~کا تعلق~~ [کی پیدائش] صوبہ بہار کے کس ضلع ~~سے ہے~~ [میں ہوئی]؟ | |
| | (A) سمستی پور (B) مظفر پور (C) پٹنہ (D) دربھنگہ | |
| | 9۔ 'کٹی ہوئی شاخ' کا تعلق کس نثری صنف سے ہے؟ | |
| | (A) داستان (B) ناول (C) افسانہ (D) ڈراما | |
| | 10۔ 'کٹی ہوئی شاخ' کے تخلیق کار کون ہیں؟ | |
| | (A) سہیل عظیم آبادی (B) ڈاکٹر محمد محسن (C) نگار عظیم (D) قمر جہاں | |
| | 11۔ درج ذیل میں کون سا افسانہ شامل نصاب نہیں ہے؟ | |
| | (A) ہرامس (B) فرار (C) بھابھی جان (D) آشیانہ | |
| | 12۔ ان میں سے کون سی تخلیق افسانہ نہیں ہے؟ | |
| | (A) فرار (B) حمدِ خدائے عز و جل (C) کٹی ہوئی شاخ (D) بھابھی جان | |
| | 13۔ قصہ گوئی کی مختصر صورت کس صنف کی خصوصیت ہے؟ | |
| | (A) داستان (B) ناول (C) افسانہ (D) ڈراما | |
| | 14۔ 'گرد آوارگی' کیا ہے؟ | |
| | (A) نگار عظیم کا سفرنامہ (B) قمر جہاں کا سفرنامہ | |
| | (C) سہیل عظیم آبادی کا سفرنامہ (D) ڈاکٹر محمد محسن کا سفرنامہ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 15۔ افسانہ نگار 'نگار عظیم' کے تعلق سے کیا صحیح ہے ؟ | |
| | (A) ان کا اصلی نام ملکہ مہر نگار ہے | |
| | (B) انہوں نے اردو کے علاوہ ڈرائنگ اور پینٹنگ میں بھی ایم اے کیا ہے | |
| | (C) ان کا پہلا افسانوی مجموعہ کا عنوان 'عکس' ہے | |
| | (D) ان میں سے سبھی صحیح ہیں | |
| | 16۔ 'آشیانہ' کس طرح کا افسانہ ہے ؟ | |
| | (A) نفسیاتی (B) سماجی (C) رومانی (D) جاسوسی | |
| | 17۔ بہادر شاہ ظفر کی شاعری پر کس نے تنقیدی کتاب لکھی ہے ؟ | |
| | (A) قمر جہاں (B) نگار عظیم (C) شکیلہ اختر (D) ~~اصلاح النساء~~ جیلانی بانو | |
| | 18۔ زمین کے درجہ حرارت میں جو اوسط اضافہ ہو رہا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟ | |
| | (A) گیس میں اضافہ (B) گلوبل وارمنگ (C) تمازت ارضی (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 19۔ نظام شمسی میں زمین کی حیثیت کیا ہے ؟ | |
| | (A) سیّارہ (B) تارہ (C) ذیلی سیّارہ (D) طیّارہ | |
| | 20۔ امریکہ کے کس حکمراں نے گلوبل وارمنگ پر کتاب لکھی ہے ؟ | |
| | (A) باراک اوباما (B) جارج بش (C) الگور (D) ٹرمپ | |
| | 21۔ سرسید کب پیدا ہوئے ؟ | |
| | (A) 1817ء میں (B) 1818ء میں (C) 1819ء میں (D) 1820ء میں | |
| | 22۔ اردو نثر میں سادہ نثر نویسی کو کس نے رواج دیا ؟ | |
| | (A) حالی (B) سرسید (C) نذیر احمد (D) شبلی | |

StudyRaw.Com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 23۔ 'ادب کی پہچان' کس طرح کا مضمون ہے؟ | |
| | (A) اصلاحی (B) تنقیدی (C) سیاسی (D) سماجی | |
| | 24۔ ڈاکٹر عبدالمغنی کس زبان کے استاد تھے؟ | |
| | (A) اردو (B) فارسی (C) انگریزی (D) عربی | |
| | 25۔ ہندوستانی آئین کے معمار کون ہیں؟ | |
| | (A) مولانا ابوالکلام آزاد (B) پنڈت جواہر لال نہرو (C) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر (D) سردار پٹیل | |
| | 26۔ لطف الرحمن کے تعلق سے کیا صحیح ہے؟ | |
| | (A) ان کا اصل اور ادبی دونوں نام لطف الرحمن ہے | |
| | (B) انہوں نے تدریسی خدمات کا آغاز بھاگلپور یونیورسٹی سے کیا | |
| | (C) وہ راشٹریہ جنتا دل سرکار میں کابینہ درجے کے وزیر بھی رہے ہیں | |
| | (D) ان میں سے سبھی صحیح ہیں | |
| | 27۔ 'اردو ڈراما نگاری اور آغا حشر' کے مضمون نگار کون ہیں؟ | |
| | (A) ڈاکٹر عبدالمغنی (B) اختر اورینوی (C) وہاب اشرفی (D) لطف الرحمن | |
| | 28۔ ڈراما کی تکمیل کا لازمی عنصر کیا ہے؟ | |
| | (A) پلاٹ (B) کردار (C) اسٹیج (D) مکالمہ | |
| | 29۔ 'سلور کنگ' کس کا ڈراما ہے؟ | |
| | (A) امتیاز علی تاج (B) آغا حشر کشمیری (C) محمد مجیب (D) حبیب تنویر | |
| | 30۔ چاند کس کا طواف کرتا ہے؟ | |
| | (A) زمین (B) سورج (C) مشتری (D) عطارد | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 31۔ سورج گرہن کیسا واقعہ ہے ؟ | |
| | (A) مذہبی (B) سماجی (C) جغرافیائی (D) تاریخی | |
| | 32۔ کس نے پہلی بار ثابت کیا ہے کہ زمین گول ہے ؟ | |
| | (A) نیوٹن (B) گیلیلیو (C) آئن اسٹائن (D) آریہ بھٹ | |
| | 33۔ نذیر احمد کا تعلق اردو نثر کی کس صنف سے تھا ؟ | |
| | (A) داستان (B) افسانہ (C) ناول (D) انشائیہ | |
| | 34۔ 'توبۃ النصوح' میں مرکزی کردار کون ہے ؟ | |
| | (A) ہادی (B) بدر منیر (C) نصوح (D) حمیدہ | |
| | 35۔ 'اردوئے معلیٰ' کیا ہے ؟ | |
| | (A) افسانوں کا مجموعہ (B) خطوط کا مجموعہ (C) خطبات کا مجموعہ (D) نظموں کا مجموعہ | |
| | 36۔ غالب نے اردو کے علاوہ کس زبان میں شاعری کی ؟ | |
| | (A) عربی (B) ہندی (C) فارسی (D) سنسکرت | |
| | 37۔ اردو میں خطوط کا سلسلہ کس نے شروع کیا ؟ | |
| | (A) میر تقی میر (B) خواجہ میر درد (C) مرزا غالب (D) داغ دہلوی | |
| | 38۔ مکتوب شہباز میں بشریٰ کون تھی ؟ | |
| | (A) بیٹی (B) بیوی (C) ماں (D) بہن | |
| | 39۔ مقبول احمد صمدانی، مہدی افادی کے کون تھے ؟ | |
| | (A) دوست (B) بھائی (C) والد (D) رشتہ دار | |
| | 40۔ شامل نصاب انٹرویو میں بیدی کا انٹرویو کس نے کیا ہے ؟ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) فیاض رفعت (B) عصمت چغتائی (C) کرشن چندر (D) A اور B دونوں | |
| | 41۔ جدید نظم کے حوالے سے حالی اور آزاد کو کیا کہا جاتا ہے؟ | |
| | (A) پیش رو (B) بانی (C) محرک (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 42۔ شامل نصاب نظم 'مناظر فطرت / مناظر قدرت' چکبست کی کیسی شاعری کی | |
| | بہترین مثال ہے؟ | |
| | (A) فطری شاعری (B) تاریخی شاعری (C) رومانی شاعری (D) صوفیانہ شاعری | |
| | 43۔ 'انڈیا گیٹ' کس کی نظم ہے؟ | |
| | (A) ندا فاضلی (B) جگن ناتھ آزاد (C) سید محمد جعفری (D) پرویز شاہدی | |
| | 44۔ جگن ناتھ آزاد کو شاعری کے علاوہ کس چیز میں مہارت حاصل تھی؟ | |
| | (A) ناول نگاری (B) تحقیق (C) انشائیہ نگاری (D) افسانہ نگاری | |
| | 45۔ پرویز شاہدی کی وفات کس بیماری سے ہوئی؟ | |
| | (A) پلیگ (B) مرض تنفس (C) سرطان (D) ٹی بی | |
| | 46۔ 'تثلیث حیات' کس کا شعری مجموعہ ہے؟ | |
| | (A) اختر الایمان (B) پرویز شاہدی (C) ندا فاضلی (D) محمد جعفری | |
| | 47۔ ندا فاضلی نے اپنی نظموں میں سماج کے کس طبقہ کے مسائل کو ابھارا ہے؟ | |
| | (A) اعلیٰ طبقہ (B) تاجر (C) کمزور طبقہ (D) خوشحال طبقہ | |
| | 48۔ 'نظم بہت آسان تھی پہلے' کے شاعر کون ہیں؟ | |
| | (A) سید محمد جعفری (B) پرویز شاہدی (C) ندا فاضلی (D) چکبست | |
| | 49۔ 'کھڑا ڈنر' کس طرح کی نظم ہے؟ | |

StudyRaw.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) مزاحیہ (B) بیانیہ (C) سماجی (D) تاریخی | |
| | 50۔ سید محمد جعفری کا تعلق کس ملک سے ہے؟ | |
| | (A) ہندوستان (B) پاکستان (C) ایران (D) بنگلہ دیش | |
| | 51۔ جس نظم میں کسی مرنے والے پر غم کا اظہار کیا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟ | |
| | (A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) مثنوی (D) رباعی | |
| | 52۔ عارف مرحوم غالب کے کون تھے؟ | |
| | (A) بھانجا (B) بھتیجہ (C) بیٹا (D) بھائی | |
| | 53۔ مثنوی 'زہر عشق' کس نے لکھی ہے؟ | |
| | (A) شوق لکھنوی (B) شوق نیموی (C) میر حسن (D) دیا شنکر نسیم | |
| | 54۔ مثنوی کس زبان کے توسط سے اردو میں شامل ہوئی؟ | |
| | (A) عربی (B) فارسی (C) ترکی (D) انگریزی | |
| | 55۔ 'بکاؤلی' کا محبوب کون تھا؟ | |
| | (A) تاج الملوک (B) زین الملوک (C) عین الملوک (D) نظیر الملوک | |
| | 56۔ نسیم کی مشہور مثنوی کا نام کیا ہے؟ | |
| | (A) سحر البیان (B) گلزار نسیم (C) سوز عشق (D) زہر عشق | |
| | 57۔ درج ذیل میں مصحفی کی مثنوی کون سی ہے؟ | |
| | (A) گلزار نسیم (B) جذبۂ عشق (C) سوز عشق (D) زہر عشق | |
| | 58۔ مصحفی کا پورا نام کیا ہے؟ | |
| | (A) آصف ہمدانی (B) غلام ہمدانی (C) فائز ہمدانی (D) ثاقب ہمدانی | |

StudyRaw.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| | 59۔ 'یوں بھی کہتا ہے کسی سے کوئی اپنا حالِ زار' یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے؟ | |
| | (A) عرفان صدیقی (B) مبارک عظیم آبادی (C) احمد فراز (D) پروین شاکر | |
| | 60۔ اردو شاعری میں مبارک عظیم آبادی کے استاد کون تھے؟ | |
| | (A) مومن (B) داغ دہلوی (C) آتش (D) راسخ عظیم آبادی | |
| | 61۔ غزل عربی قصیدہ کے کس حصّہ سے ماخوذ ہے؟ | |
| | (A) تمہید (B) گریز (C) تشبیب (D) حسنِ طلب | |
| | 62۔ احمد فراز ~~کی شاملِ نصاب دوسری غزل کتنے اشعار پر مشتمل ہے~~ کہاں پیدا ہوئے؟ | |
| | (A) ~~پانچ اشعار~~ لاہور (B) ~~چھ اشعار~~ کراچی (C) ~~سات اشعار~~ حیدرآباد (D) ~~آٹھ اشعار~~ پشاور | |
| | 63۔ حسن نعیم کی شاملِ نصاب پہلی غزل میں کس طرح کے احساس کی جھلک ملتی ہے؟ | |
| | (A) جذبۂ عشق کی (B) خدمتِ خلق کی (C) مایوسی اور محرومی کی (D) جذبۂ تصوف کی | |
| | 64۔ 'پروین شاکر' کس حیثیت سے مشہور ہیں؟ | |
| | (A) غزل گو (B) مرثیہ گو (C) داستان گو (D) ناول نگار | |
| | 65۔ عرفان صدیقی نے سنسکرت کے کس شاعر کے ڈرامے کا اردو ترجمہ کیا ہے؟ | |
| | (A) کالیداس (B) ودّیاپتی (C) تلسی داس (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 66۔ اردو میں گیت کی شمولیت کس شاعری کے ذریعہ ہوئی؟ | |
| | (A) فارسی (B) عربی (C) ہندی (D) انگریزی | |
| | 67۔ 'دوہا' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | |
| | (A) دو مصرعے (B) تین مصرعے (C) چار مصرعے (D) پانچ مصرعے | |
| | 68۔ ہندی کس زبان کا لفظ ہے؟ | |

StudyRaw.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न |
|---|---|
| | (A) بنگلہ (B) پنجابی (C) فارسی (D) عربی |
| | 69۔ افسانہ "سورج کا گھوڑا" کس زبان کی کہانی ہے؟ |
| | (A) آسامی (B) بنگلہ (C) کنڑ (D) مراٹھی |
| | 70۔ افسانہ "خالی صندوق" کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے؟ |
| | (A) جیلانی بانو (B) شافع قدوائی (C) اسم مرزا (D) ان میں سے کوئی نہیں |
| | 71۔ تامل ناڈو میں کون سی زبان بولی جاتی ہے؟ |
| | (A) تمل (B) تیلگو (C) مراٹھی (D) کنڑ |
| | 72۔ سیتا کانت مہاپاترا کا تعلق کس زبان سے ہے؟ |
| | (A) اڑیا (B) تیلگو (C) پنجابی (D) مراٹھی |
| | 73۔ "عورت" کا مذکر لفظ کیا ہے؟ |
| | (A) لڑکا (B) آدمی (C) مرد (D) لڑکی |
| | 74۔ "لڑکا میدان میں کھیل رہا ہے" اس میں "لڑکا" کیا ہے؟ |
| | (A) فعل (B) فاعل (C) صفت (D) مفعول |
| | 75۔ "درس گاہ" کیا ہے؟ |
| | (A) اسم آلہ (B) اسم ظرف (C) حاصل مصدر (D) صفت |
| | 76۔ "قینچی" اسم نکرہ کی کون سی قسم ہے؟ |
| | (A) اسم حالیہ (B) اسم فاعل (C) اسم آلہ (D) اسم ظرف |
| | 77۔ "مدح" کا فاعل کیا ہوگا؟ |
| | (A) مدیحہ (B) مدحت (C) مدّاح (D) ان میں سے کوئی نہیں |

प्रश्न के लिए अंक

StudyRaw.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 78۔ 'جسم' کی جمع کیا ہوگی؟ | |
| | (A) اجسام (B) جسیم (C) جسما (D) جسمے | |
| | 79۔ 'خوبصورت لڑکی' میں 'لڑکی' کیا ہے؟ | |
| | (A) موصوف (B) صفت (C) فعل (D) ضمیر | |
| | 80۔ درج ذیل میں سابقہ والے لفظ کی نشاندہی کیجیے؟ | |
| | (A) باغبان (B) پاندان (C) دکاندار (D) لاعلم | |
| | 81۔ 'وہ امتحان میں کامیاب ہوگا' یہ کون سا زمانہ ہے؟ | |
| | (A) ماضی (B) مستقبل (C) حال (D) ماضی قریب | |
| | 82۔ 'کیا لڑکے اسکول جا رہے ----؟' جملہ مکمل کیجیے؟ | |
| | (A) ہیں (B) ہو (C) ہوں (D) ہے | |
| | 83۔ 'ہم لوگ دہلی جا رہے ہیں' اس جملہ میں کون سا صیغہ ہے؟ | |
| | (A) واحد غائب (B) واحد حاضر (C) واحد متکلم (D) جمع متکلم | |
| | 84۔ 'ظلم' کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) عادل (B) عدل (C) عدالت (D) عدلیہ | |
| | 85۔ 'عبادت' کی جمع کیا ہوگی؟ | |
| | (A) عابد (B) معبود (C) عبادات (D) عبدیت | |
| | 86۔ درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے؟ | |
| | (A) کرسی (B) لکڑی (C) موتی (D) لڑکی | |
| | 87۔ ان میں سے کون سا لفظ مؤنث ہے؟ | |

StudyRaw.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
| --- | --- | --- |
| | (A) زمین (B) آسمان (C) سورج (D) چاند | |
| | 88۔ 'رنج' کا مترادف کیا ہوگا؟ | |
| | (A) غم (B) مصیبت (C) رنجور (D) رنجش | |
| | 89۔ 'ستون' کا کیا معنی ہے؟ | |
| | (A) آسمان (B) کھمبا (C) برابر (D) یکساں | |
| | 90۔ 'بے وقوف' میں 'بے' کیا ہے؟ | |
| | (A) سابقہ (B) لاحقہ (C) حرف (D) صفت | |
| | 91۔ ضمیر کے کتنے صیغے ہوتے ہیں؟ | |
| | (A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات | |
| | 92۔ جمع متکلم کی مثال ہے؟ | |
| | (A) میں (B) ہم (C) تم لوگ (D) وہ | |
| | 93۔ 'تم کیا کر رہے ------' جملہ مکمل کیجیے؟ | |
| | (A) ہیں (B) ہو (C) ہوں (D) ہے | |
| | 94۔ 'تمہارے والد کون ہیں؟' یہ کیسا جملہ ہے؟ | |
| | (A) خبریہ (B) استعجابیہ (C) امریہ (D) استفہامیہ | |
| | 95۔ 'جھوٹ موٹ' میں 'موٹ' قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟ | |
| | (A) کلمہ (B) مہمل (C) حرف (D) فعل ناقص | |
| | 96۔ 'عائشہ چھت پر گئی' اس فقرے میں ~~حرف~~ فاعل کون سا ہے؟ | |
| | (A) عائشہ (B) چھت (C) پر (D) گئی | |

StudyRaw.Com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | ۹۷۔ 'پانی بھرنا' سے کیا مراد ہے ؟ | |
| | (A) امید ختم ہونا (B) امید ہونا (C) پانی ختم ہونا (D) پانی بھر جانا | |
| | 98۔ 'نئی گاڑی' میں 'گاڑی' کیا ہے ؟ | |
| | (A) ضمیر (B) فعل (C) صفت (D) موصوف | |
| | 99۔ 'ناصح' کا مطلب ہوتا ہے ؟ | |
| | (A) مارنے والا (B) غیبت کرنے والا (C) نصیحت کرنے والا (D) دیندار | |
| | ۱۰۰۔ 'صحن میں کوڑا کرکٹ نہ پھینکو' اس فقرے میں مہمل کون سا ہے ؟ | |
| | (A) صحن (B) کوڑا (C) کرکٹ (D) پھینکو | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

StudyRaw.Com

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

## Section - B

۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) لکھیے۔

1×10 = 10

(a) یومِ آزادی (b) کھیل کی اہمیت (c) رمضان المبارک کی فضیلت

(d) برسات کا موسم (e) سرسید احمد خان

2۔ اپنی والدہ کو ایک خط لکھیے جس میں بورڈ امتحان میں امتیازی نمبرات سے

کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی درخواست کی جائے۔ 1×5=5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے جس میں اسکول کی لائبریری

میں ہر ماہ بروقت "بچوں کا ماہنامہ امنگ" دستیاب کرانے کا مطالبہ کیا جائے۔

3۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی دس (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب دیجیے:

10×2 = 20

(a) شبنم کمالی کا اصل نام کیا ہے؟

(b) سہیل عظیم آبادی کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام کیا ہے؟

(c) ڈاکٹر محمد محسن کس یونیورسٹی میں پروفیسر تھے؟

(d) نگار عظیم کے اوّلین افسانوی مجموعے کا نام کیا ہے؟

(e) گلوبل وارمنگ پر کانفرنس کہاں ہوئی تھی؟

(f) زمین کا درجہ حرارت گزشتہ سو سالوں میں کتنا بڑھ گیا ہے؟

(g) سرسید کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

StudyRaw.com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (h) چکبست کا انتقال کس بیماری سے ہوا ؟ | |
| | (i) تاج محل کس مغل بادشاہ نے تعمیر کرائی تھی ؟ | |
| | (j) مزاح کے دو شاعروں کے نام بتائیے ؟ | |
| | (k) غالب کے آباؤ اجداد کہاں سے ہندوستان آئے تھے ؟ | |
| | (l) آکاش کا مترادف لفظ کیا ہے ؟ | |
| | (m) فارسی شاعری میں مبارک عظیم آبادی کے استاد کون تھے ؟ | |
| | (n) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟ | |
| | (o) احمد فراز کا ایک شعر خوشخط لکھیے ؟ | |
| | (p) پروین شاکر کے والد ہجرت کر کے کہاں گئے تھے ؟ | |
| | (q) عرفان صدیقی ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد کہاں سکونت پذیر ہوئے ؟ | |
| | (r) ہندی اور اردو میں کیا رشتہ ہے ؟ | |
| | (s) 'ارجن' کیا ہے ؟ | |
| | (t) نظم 'دیے' کس زبان کی نظم ہے ؟ | |
| | 4۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی تین کا جواب دیجیے: | 3X5=15 |
| | (a) کہانی کا عنوان 'کٹی ہوئی شاخ' کیوں ہے ؟ واضح کیجیے۔ | |
| | (b) مضمون 'ربا' کا مرکزی خیال پیش کیجیے۔ | |
| | (c) غالب کی شاعری پر دس جملے لکھیے۔ | |
| | (d) نظم 'انڈیا گیٹ' کا خلاصہ پیش کیجیے۔ | |
| | (e) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی جمع لکھیے: | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|

(i) اثر (ii) تصویر (iii) رسم (iv) مرکز (v) عمل

(vi) خدمت (vii) فرض (viii) صبر (ix) امیر (x) قوم

(f) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے اضداد لکھیے:

(i) زمین (ii) دن (iii) ظاہر (iv) شمال (v) سرد

(vi) غم (vii) فرش (viii) صبح (ix) عالم (x) اندر